نحمده ونصلي على رسوله الكريم

ایک مسجد اور دینی ادارہ کے لیے

مخلصانہ اپیل

شکر نعمت کے ہیں یہ معنی اگر سمجھے کوئی
دے اگر خالق تو دے بندہ بھی اس کی راہ میں

پاکستان کے مرکزی تجارتی شہر لائل پور میں ایشیا کی
واحد دینی اسلامی درس گاہ دارالعلوم دیوبند کے
نقش قدم پر شہداء اسلام اور مجاہدین ملک وملّت کی یادگار

اسلامی تعلیمی ادارہ رجسٹرڈ کا قیام

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

برادرانِ اسلام! شہر لائل پور جناح کالونی میں جو کہ پاکستان کا مشہور تجارتی اور صنعتی مرکز ہے۔ ایک اسلامی تعلیمی ادارہ رجسٹرڈ قائم ہو رہا ہے۔ جس نے یہ محسوس کرتے ہوئے کہ پاکستان میں ایشیا کی واحد دینی اسلامی درس گاہ دارالعلوم دیوبند کے نقش قدم پر صحیح حنفی مسلک اہل سنت والجماعت کے متعدّد ادارے قائم ہو چکے ہیں۔ جن میں علومِ اسلامیہ کی مکمل تعلیم و تدریس کا کام انجام دیا جا رہا ہے اور سینکڑوں تشنگان علوم دینیہ سے سیراب ہو رہے ہیں اور صحیح اسلامی عقائد اور اعمال و اخلاق کی نشر و اشاعت ہو رہی ہے۔ اور لاکھوں متلاشیانِ حق فیض یاب ہو رہے ہیں۔

لیکن پاکستان کے اس مرکزی شہر لائل پور میں بھی مدّت سے صحیح حنفی مسلک اہلسنت والجماعت کے ایک ایسے ہی ادارہ کی دارالعلوم دیوبند کے نقش قدم پر ضرورت محسوس کی جا رہی تھی۔ جس میں تمام علومِ اسلامیہ خصوصاً دورہ حدیث و تفسیر کا کام نہایت احسن طریق پر انجام پانے اور صحیح اعتقاء عمل اور اخلاق کی اشاعت ہو۔ اس نے اس اہم خدمت کو انجام دینے کے لیے اس اسلامی تعلیمی ادارہ نے اپنے اسلامی جذبات اور احساسات کے پیش نظر ایک قطعہ اراضی متّصل ڈاکخانہ جدید جناح کالونی لائل پور میں حاصل کر کے خدا کے بھروسہ پر ایک دینی تعلیمی ادارہ قائم کرنے کا فیصلہ کیا ہے جس میں ابتدائی تعلیم اور درجہ حفظ و قرأت کے علاوہ تمام علوم اسلامیہ خصوصاً دورہ حدیث و تفسیر کا خاص انتظام ہو گا اور درجہ پرائمری

تک دینی تعلیم لازمی ہوگی۔ اور روزانہ درس قرآن کریم کا انتظام ہوگا اور درجہ تبلیغ کا ایک مستقل شعبہ قائم ہوگا۔

بیرونی طلباء کے ہر قسم کے ضروری اخراجات کا ادارہ خود کفیل ہوگا۔ جو مذکورہ اور دیگر صدقات و خیرات پر قربانی اور صدقہ فطر وغیرہ سے انجام دیے جائیں گے۔ ملازمین کی تنخواہ دوامی امداد اور یکمشت چندوں سے ادا کی جائے گی۔

ادارہ کی فوری ضرورت!

مسجد اور درس گاہوں کی تعمیر

اس وقت ادارہ کی فوری ضرورت درس گاہوں کی تعمیر اور ادارہ کی ایک مسجد اور طلباء کے لیے رہائش گاہ کی تعمیر شامل ہے۔ جس کے لیے یہ ادارہ مخلص اور دین پسند مخیر احباب کی ہر قسم کی امداد اور اعانت کا مستحق ہے۔ جسے مخلص احباب بطور یادگار دائمی ثواب کی نیت سے اپنے یا اپنے کسی بزرگ کے نام پر اس طرح تعمیر کرواسکتے ہیں کہ ایک ایک صاحب وسعت ایک ایک درس گاہ تعمیر کروا دے جس کی لاگت تین ہزار روپے کے قریب ہے۔ اور اس عمارت پر اسی کے نام کا کتبہ لگا دیا جائے تاکہ بطور یادگار ہمیشہ قائم رہے۔

اسی طرح پوری مسجد یا اس کی کوئی دیوار یا اس کا کوئی گنبد یا اس کا فرش یا اس کے منارے ایک ایک صاحب وسعت تعمیر کروا دے اور ان پر اسی کا نام بطور یادگار لکھ دیا جائے۔ بہرحال تعلیم سے پہلے ان کی تعمیر ضروری ہے تاکہ تعلیم کا کام جلد شروع ہوسکے۔ چونکہ یہ کام خالصاً بوجہ اللہ انجام دیا جارہا ہے۔ اس لیے اس کی امداد میں کسی قسم کی خوشامد

اور احسان جتلانے کی ضرورت نہیں جو خدا کی طرف سے دین و دنیا میں زیادتی اجر کا ذریعہ ہے۔

تمام صاحب وسعت باشندگانِ لائل پور سے عموماً اور مسلمانانِ جناح کالونی سے خصوصاً مخلصانہ درخواست ہے کہ وہ جلد از جلد اس دینی خدمت کو انجام دے کر دین و دنیا کی سعادت حاصل کریں۔ آپ ﷺ کا ارشاد ہے:

جو اللہ کے لیے دنیا میں مسجد بنائے گا

اللہ تعالیٰ اس کا گھر جنت میں بنادیں گے۔

خدا کے راستہ میں خرچ کرنے سے اللہ تعالیٰ دنیا اور آخرت دونوں جگہ اپنی نعمتوں سے سرفراز فرماتے ہیں۔ مسلمانانِ لائل پور جو ہمیشہ اس قسم کے نیک کاموں میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیتے رہتے ہیں ان سے کامل امید ہے کہ وہ اس نیک کام میں بھی خاص طور پر حصہ لے کر اپنی دینی شہرت اور خدا کے ہاں مقبولیت میں ضرور اضافہ فرمائیں گے۔

وما توفيقي الا بالله عليه توكلت واليه انيب

الداعي الى الخير

بندہ مفتی محمد نعیم عفا اللہ لدھیانوی

امیر اسلامی تعلیمی ادارہ رجسٹرڈ

جناح کالونی لائل پور

نوٹ: رسید کے بغیر چندہ نہ دیا جائے۔

اسماءِ گرامی عہدیداران وممبرانِ ادارہ

(۱) حاجی فضل دین صاحب	(صدر)
(۲) خان محمود احمد خاں صاحب	(نائب صدر)
(۳) چوہدری مشتاق احمد صاحب	(ناظم اعلیٰ)
(۴) چوہدری محمد حسین صاحب	(نائب ناظم اعلیٰ)
(۵) مفتی ضیاء الحسن صاحب	(ناظم تعلیمات)
(۶) ڈاکٹر عنایت اللہ صاحب	(خازن)
(۷) صوفی محمد عثمان صاحب	(ناظم تعمیرات)
(۸) چوہدری عبد الرحیم صاحب	(محاسب)
(۹) حاجی قائم دین صاحب	(ممبر)
(۱۰) حاجی مہر دین صاحب	(ممبر)
(۱۱) چوہدری محمد ابراہیم صاحب	(ممبر)
(۱۲) محمد نذیر بٹ صاحب	(ممبر)
(۱۳) عبد الوارث صاحب	(ممبر)